© rasailojaraid.com



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# اشارات

ترجمان القرآن کی اشاعت میں ایک مدت سے جو بے قاعدگی چلی آرہی ہے اس کی وجہ سے ناظرین کو سخت شکایت ہے۔ میں نے انتہائی کوشش کی کہ کسی طرح رسالہ کی اشاعت اپنے وقت پر ہونے لگے، اور اسی غرض کے لیے متعدد مرتبہ کئی کئی مہینوں کے پرچے ملا کر یکجا شائع کیے مگر اس کے باوجود اشاعت کا نظام درست کرنے میں مجھے ناکامی ہوئی۔ اب اس خرابی کا کوئی علاج اس کے سوا نظر نہیں آتا کہ جمادی الاولیٰ جمادی الآخرہ اور رجب کی اشاعت منسوخ کر کے شعبان کا پرچہ شعبان ہی میں شائع کر دیا جائے اور منسوخ شدہ مہینوں کے عوض تمام خریداروں کی مدتِ اشاعت میں ۳ مہینہ کا اضافہ کر دیا جائے۔ اس تجویز کے مطابق اب یہ شعبان کا پرچہ شائع ہو رہا ہے۔

خدا سے دعا ہے کہ آئندہ کے لیے رسالہ کی اشاعت کا نظام درست رہے۔

---

پریس اور کاغذ کے لیے ہم نے اپنے ہمدردوں سے اعانت کی درخواست کی تھی اس کے جواب میں ۵ ستمبر تک جو رقمیں وصول ہوئی ہیں ان کی مجموعی مقدار دو ہزار سات سو چھبیس روپے ہے۔ اس میں سے ۱۶۲ روپے بطور اعانت آئے ہیں اور ۱ سو روپے بطور قرض۔ پریس خرید لیا گیا ہے اور یہاں لاکر نصب کیا جا چکا ہے۔ اب صرف بجلی کی امداد اور ڈیکلریشن کی منظوری کا انتظار ہے۔ یہ دو مرحلے طے ہونے کے بعد ان شاء اللہ ہماری مطبوعات خود اپنے پریس میں طبع ہونے لگیں گی۔ اب دوسری اہم ضرورت کاغذ کے ذخیرہ کی فراہمی ہے جس کے لیے ہم پوری جد و جہد کر رہے ہیں اور اس سلسلہ میں ابھی ہم کو مزید اعانت کی ضرورت ہے۔

---

ربیع الآخر کی اشاعت میں ... درسگاہ کے قیام کا ارادہ ظاہر کیا گیا تھا اس کے لیے ابھی ابتدائی انتظامات بھی پوری

© rasailojaraid.com